رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: خاصہ سال دوم | پرچہ: چھٹا | مضمون: النحو

تاریخ: 19-02-2024 | دن: پیر | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: کلمہ کی تین قسموں میں منحصر ہونے کی وجہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: "زینب، ابراهیم، معدیکرب" تینوں اسماء میں موجود اسباب منع صرف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 3: "لیبک یزید ضارع" مذکورہ عبارت کا ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 4: "أرجل في الدار أم امرأة" میں "رجل" کا نکرہ مخصوصہ ہونا ثابت کیجئے۔

سوال نمبر 5: کون سا مفعول مطلق تثنیہ و جمع ہوتا ہے؟

سوال نمبر 6: "یازید العاقل" میں "العاقل" پر رفع جائز ہے، وجہ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 7: تحذیر کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 8: "جئت وزیدا" میں "زیدا" کو نصب دینا متعین ہے، وجہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9: "التمییز مایرفع الابهام المستقر عن ذات مذکورة أو مقدرة" مذکورہ عبارت کا ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 10: "ویجوز فیه النصب ویختار البدل في ما بعد إلا في کلام غیر موجب" مذکورہ عبارت کی وضاحت فرمائیے۔

سوال نمبر 11: "ما و لا مشابه بلیس" کا عمل باطل کب ہو جاتا ہے؟

سوال نمبر 12: "کل ثان باعراب سابقه من جهة واحدة" عبارت مذکورہ کا ترجمہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 13: دس حروف عطف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 14: ضمیر فصل کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 15: واحد اور اثنان (اسم عدد) کی تمییز کیوں نہیں لائی جاتی؟ وجہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 16: "صفت مشبهه" کی تعریف کیجئے۔

سوال نمبر 17: "أفعل" کے وزن پر اسم تفضیل کا صیغہ بنانے کی دو شرائط تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 18: شرط و جزا دونوں مضارع ہوں تو کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 19: افعال قلوب کی تعریف بیان کیجئے۔

سوال نمبر 20: "حروف مشبهه بالفعل" میں سے "لکنّ" کون سے دو جملوں کے درمیان آتا ہے؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: منع صرف کے نو اسباب میں سے کوئی سے پانچ اسباب کی منع صرف کا سبب بننے کی شرط تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: تنازع فعلین کو ختم کرنے کا طریقہ کوفیوں کے نزدیک کیا ہے اور بصریوں کے نزدیک کیا ہے؟ اختصاراً تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: ﴿لَوْ كَانَ فِيهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللهُ لَفَسَدَتَا﴾ بتائیے کہ کلمہ "إلا" کو "غیر" (صفتیہ) کے معنی میں کب اور کیوں لیا جائے گا؟

سوال نمبر 4: "وإذا عطف علی عاملین مختلفین لم یجز خلافا للفراء" مذکورہ عبارت کی وضاحت کیجئے نیز اس بارے میں امام فراء کا موقف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: مصدر کب عمل کرے گا اور کب نہیں؟ نیز بتائیے کہ کیا اس کا معمول اس پر مقدم ہو سکتا ہے؟